U.G. 1st Semester Examination-2021
URDU

[HONOURS]

Course Code : URDH-CC-T-1

Full Marks : 60 Time : 2½ Hours

The figures in the left-hand margin indicate marks.

Candidates are required to give their answers

in their own words as far as practicable.

1. درج ذیل سوالات میں سے کسی دس (10) کے جواب دیجیے: 2×10=20

    (i) غزل کے لغوی معنی بتائیے۔

    (ii) مقطع کسے کہتے ہیں؟

    (iii) ''خارجیت'' کس دبستان کی اہم خصوصیت ہے؟

    (iv) ''دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے''......شعر مکمل کیجیے اور شاعر کا نام بتائیے۔

    (v) سوداؔ کا پورا نام لکھئے۔ سوداؔ کو کس صنفِ شاعری میں مقبولیت حاصل ہے؟

    (vi) دبستان دہلی سے تعلق رکھنے والے کسی دو شعراء کا نام بتائیے۔

[Turn Over]

(vii) مصحفیؔ کا اصل نام کیا تھا اور وہ کس دبستان سے منسلک تھے؟

(viii) اردو کے دو (۲) صوفی شعراء کے نام لکھئے۔

(ix) میرؔ کے اردو اور فارسی میں کل کتنے دیوان ہیں؟

(x) میرؔ کو کن کن خطابات سے نوازا گیا؟

(xi) مومنؔ کا پورا نام اور ان کی سنِ وفات لکھئے۔

(xii) غالبؔ کا پورا نام کیا تھا؟ غالبؔ ابتدا میں کون سا تخلص استعمال کرتے تھے؟

(xiii) ولیؔ کا کوئی مشہور شعر تحریر کیجیے۔

(xiv) اردو شاعری میں انشاؔ کا معرکہ کس شاعر کے ساتھ تھا؟

(xv) آتشؔ کی جائے پیدائش اور جائے وفات لکھئے۔

2. درج ذیل سوالات میں سے کسی چار (4) کے جواب لکھئے: 5×4=20

(i) قلی قطب شاہ کی شاعری کی امتیازی خصوصیات واضح کیجیے۔

(ii) دبستانِ لکھنؤ کی ادبی خصوصیات لکھئے۔

(iii) غزل کا فن اور اس کے اہم موضوعات واضح کیجیے۔

(iv) مومنؔ کی شاعری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

(v) درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے:

مفلسی سب بہار کھوتی ہے
مرد کا اعتبار کھوتی ہے

یا

نقشِ فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

(vi) سراج اورنگ آبادی کی شاعری پر مختصر نوٹ لکھئے۔

3. درج ذیل سوالات میں سے کسی دو (2) کے جواب لکھئے: 10×2=20

(i) اردو شاعری میں میرؔ کا مقام متعین کیجیے۔

(ii) مرزا غالبؔ کی غزل گوئی کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(iii) ولیؔ دکنی کی شاعرانہ عظمت واضح کیجیے۔

(iv) اردو غزل کے آغاز و ارتقاء پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔